# 8TH CLASS
# LESSON BASED ASSESSMENT
# UNIT TEST QUESTION PAPERS
# UNIT 1 to 6 (PART -1)
# WITH KEY ANSWERS
# URDU MEDIUM
# 2025-26

PREPARED BY
TEM URDU SCIENCE GROUP
BIJAPUR

# رگڑ-یونٹ ٹیسٹ

مضمون:-سائنس — مارکس-20

جماعت:-ہشتم — وقت:-45منٹ

I. مندرجہ ذیل سوالات کے چار متبادلات جوابات دیے گئے ہیں؟ صحیح جواب کا انتخاب کریں ۔ 3x1=3

1. عام طور پر، رگڑ کو کم کرنے کے لیے استعمال کی جانے والی شئے.۔

a)تیل b) گھاس c) شیشہ d) پانی

2. رگڑ ہمیشہ

a)حرکت کی مخالفت کرتی ہیں b)حرکت میں مدد کرتی ہے c) A اورBدونوں d) غیر اتصالی ہوتی ہے۔

3۔ سیالوں کے ذریعے لگائی جانے والی رگڑ کی قوت کہلاتی ہے۔

a)قوت b) دباؤ c)کشید d) سطحی تناؤ

II. مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں .۔ 3x1=3

4. قوت رگڑ کیا ہے؟

5. اٹیچیوں اور دیگر بھاری سامانوں میں رولر لگے ہوتے ہیں کیوں ؟

6. ان عوامل کی فہرست بناؤ جن پر قوت رگڑ منحصر ہوتی ہے۔.

III. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیں ۔ 2x2=4

7. کھلاڑیوں کے جوتوں میں سپائک لگے ہوئے ہوتے ہیں۔ کیوں ؟

8 . مثالوں کے ذریعے وضاحت کیجئے کہ رگڑ سے حرارت پیدا ہوتی ہے ( یا )

بال بیرنگ کا استعمال کہاں کیا جاتا ہے؟ اور یہ کس طرح کام کرتے ہیں

IV. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھیں۔ 2x3=6

9۔ مثالیں دے کر واضح کیجئے کہ رگڑ دوست اور دشمن دونوں ہے۔ (یا)

واضح کیجئے کہ سیال میں حرکت کرنے والی چیزوں کو مخصوص شکل کیوں دی جاتی ہے ؟

10. دی گئی حالتوں کا مشاہدہ کیجئے اور بتایئے کہ یہاں رگڑ نقصاندہ ہے یا ضروری ۔

i. سائیکل کے پہیے میں بریک پیڈ کا استعمال کرنا۔

ii. رگڑ کی وجہ سے مشینوں کا گرم ہو جانا۔

iii. کبڈی کے کھلاڑیوں کا اپنے ہاتھوں پر مٹی لگانا۔

V. درج ذیل سوالات کی تفصیلی جوابات لکھیں۔ 1x4=4

11. رگڑ کی کتنی قسمیں ہیں؟ ان قسموں کے نام لکھو؟ ان کے درمیان فرق لکھو۔

## جوابات

| | | |
|---|---|---|
| 1 | a) تیل | 1 |
| 2 | a) حرکت کی مخالفت کرتی ہیں | 1 |
| 3 | c) کشید | 1 |
| 4 | دو متصل سطحوں کے درمیان حرکت کی مخالفت کرنے والی قوت، قوت رگڑ کہلاتی ہے | 1 |
| 5 | کیونکہ رولرز رگڑ کو کم کرتے ہیں اور حرکت میں اسانی ہوتی ہے | 1 |
| 6 | رگڑ کا انحصار، متصل سطحوں کی نوعیت اور متصل کے درمیان دباؤ پر ہوتا ہے۔ | 1 |
| 7 | کھلاڑیوں کے جوتوں میں سپائکس اس لیے لگے ہوتے ہیں تاکہ رگڑ بڑھ سکے، کھیل کے دوران کھلاڑی پھسلے نہیں اور جوتے نہ گھس۔ | 2 |
| یا | ▪ اپنی ہتھیلیوں کو ایک دوسرے پر کچھ دیر کے لیے زور سے رگڑنے سے حرارت پیدا ہوتی ہے۔<br>▪ ماچس کی تیلی کو کسی کھردوری سطح سے رگڑنے پر حرارت کی وجہ سے اگ لگ جاتی ہے۔<br>▪ مکسر کو کچھ دیر تک چلانے پر اس کا جار گرم ہو جاتا ہے۔ | |
| 8 | چھت کے پنکھوں سائیکلوں میں دھری اور ہب کے درمیان بال بیرنگ کا استعمال کیا جاتا ہے۔<br>بال بیرنگز مشینوں میں پھسلوان رگڑ کو رولنگ رگڑ میں تبدیل کر دیتے ہیں۔ اور کام آسان کر دیتے ہیں۔ | 2 |
| 9 | رگڑ دوست ہے کیونکہ<br>رگڑ نہ ہو تو چلنا ناممکن ہے، لکھنا ناممکن ہے، دیوار میں کیل لگانا ناممکن ہے یہاں تک کہ عمارت کی تعمیر بھی نہیں کی جاسکتی۔<br>رگڑ دشمن ہے کیونکہ<br>رگڑ کی وجہ سے چیزیں گھس جاتی ہیں، حرکت مشکل ہو جاتی ہے، مشینوں میں حرارت پیدا ہوتی ہے۔ | 3 |
| یا | سیال ان چیزوں پر رگڑ کی قوت لگاتے ہیں، جو ان سے ہو کر حرکت کرتے ہیں ۔<br>جب چیزیں کسی سیال میں حرکت کرتی ہیں تو انہیں اپنے اوپر لگنے والی رگڑ کی قوت پر غالب آنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس عمل میں ان کی توانائی ضائع ہوتی ہے۔ لہذا رگڑ کو کم کرنے کے لیے ان چیزوں کو مخصوص شکلیں دی جاتی ہیں۔ | |
| 10 | i. ضروری<br>ii. نقصان دہ<br>iii. ضروری | 3 |
| 11 | رگڑ کی تین قسمیں ہیں۔ سکونی رگڑ۔ پھسلوان رگڑ اور رولنگ رگڑ | 4 |

| سکونی رگڑ | پھسلوان رگڑ | رولنگ رگڑ |
|---|---|---|
| سکونی رگڑ اس وقت کام کرتی ہے جب ہم کسی چیز کو اس کی حالت سکون سے حرکت میں لانے کی کوشش کرتے ہیں | پھسلوان رگڑ اس وقت کام کرتی ہے جب کوئی چیز کسی دوسری چیز پر پھسلتی ہے، یہ سکونی رگڑ کے مقابلے میں کم | جب کوئی چیز کسی دوسری چیز کی سطح پر لڑھکتی ہے تو اس کی حرکت کے تئیں مزاحمت رولنگ رگڑ کہلاتی ہے یہ |

| | | |
|---|---|---|
| مثال۔ حالت سکون میں موجود صندوق کو دھکیلنے سے صندوق اور سطح کے درمیان پیدا ہونے والی رگڑ، | ہوتی ہے<br>مثال۔ کسی متحرک شے کی چال میں تبدیلی کے دوران پیدا ہونے والی رگڑ | پھسلوان رگڑ کے مقابلے میں کم ہوتی ہے<br>مثال۔ چھت کے پنکھوں اور سائیکلوں میں دھری اور حب کے درمیان بال بیرنگ کی وجہ سے پیدا ہونے والی رگڑ۔ |